کوئی کوچ میدان
میں اور میدان کے
باہر ایک کھلاڑی کے
ساتھ اضافی وقت
صرف کرتا ہے۔

DRAW THE LINE.CA

کیا آپ کسی کو
بتاتے ہیں؟

کسی کوچ
(COACH) کا جنسی
حملہ

# جب آپ کچھ ایسا دیکھتے ہیں جو آپ کو صحیح نہیں لگتا تو ممکن ہےکہ وہ صحیح نہ ہو- تو اپنی چھٹی حس کی سنیں اور اپنے وجدان پر بھروسہ کریں-

## ایک حد مقررکرنا کیوں ضروری ہے

جب ہم جنسی حملے سے آنکھیں چرا لیتے ہیں تو ہم جنسی حملے کو جاری رہنے میں مدد دیتے ہیں- تمام جنسی زیادتی کے شکاربچوں اور بیس سال سے کم عمر بچوں پر 90% جنسی زیادتی ان کا کوئی جاننے والا کرتا ہے- اگرکوئی کھلاڑی 16 سال سےکم عمر ہے اور آپ کو جنسی زیادتی کا شک ہے، تو آپ کو قانونی طور پر اس کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے-

## ایک حد کب مقررکرنی ہے

نجی یا قریبی مشق جو ایک کھلاڑی کو اس کی باقی ساتھیوں سے الگ تھلگ کرتی ہے یاکوچ کا کسی بچی/بچےکو بار بار فون کرنا اور ٹیکسٹ میسیج کرنا سب جنسی حملے کے خطرے کی نشانیاں ہیں-

## ایک حد کیسے مقررکرنی ہے

دیکھنے والے کے پاس ایک سے زیادہ انتخابات ہوتے ہیں- محفوظ طریقے سے قدم اٹھائیں اور وہ عمل کریں جسےکرنے میں آپ سہولت محسوس کریں-آپ مندرجہ ذیل کر سکتے ہیں:

- **کھلاڑی سے پوچھئے:** " کیا سب ٹھیک ٹھاک ہے؟"
- **کسی کو اس بارے میں بتائیے:** ممکن ہےکہ کوئی ساتھی، والدین یاکسی دوسرے ساتھی کھلاڑی کو بھی یہی شک ہو-
- **حکام بالا کے پاس جائیے:** ٹیم کی انتظامیہ اور/ یا پولیس کے پاس، خاص طور پر جب کھلاڑی 16 سال سے کم عمر ہو (یہ قانون ہے)-

## یہ میرے ساتھ ہوا ہے

یاد رکھئے، اس میں آپ کی ہرگز غلطی نہیں ہوتی- آپ اکیلی/اکیلے نہیں ہیں- کسی ایسےفرد کو بتائیں جس پر آپ کو بھروسہ ہو-

مدد دستیاب ہے: **draw-the-line.ca**

Ontario Coalition of Rape Crisis Centres

Action ontarienne contre la violence faite aux femmes

سرمایہ مندرجہ ذیل نے فراہم کیا:
Ontario

**جنسی تشدد ہر فرد کا مسئلہ ہے-**
**خاموشی توڑئیے- اسے روکئے- سب کو بتائیے-**
**draw-the-line.ca مزید معلومات حاصل کریں-**